## سوال

(360) بحالتِ نماز عارضہ کی وجہ سے خالی جگہ کو پُر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب ہم فرض نماز پڑھ رہے ہوں اور کسی آدمی کا وضو ٹوٹ جائے تو وہ جگہ جو خالی رہ جاتی ہے کیا اس کو پُر کرنا چاہیے یا ویسے ہی کھڑے رہنا چاہیے۔ اکثر بچے صف چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں تو کیا اس صورت میں ہم چند قدم آگے چل کر صف پُر کر سکتے ہیں یا کہ نہیں اس کے متعلق بھی تفصیل سے بتائیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحالتِ نماز عارضہ کی وجہ سے خالی جگہ کو پُر کر لینا چاہیے۔ سنن ابوداؤد میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے، کہ شیطان کے لیے صفوں کے درمیان جگہ نہ چھوڑو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 333

## محدث فتویٰ